This Question Paper contains 11 printed pages.

Seat No.: | | | | | | | |

Sl. No. : 101642

# 004 (U)

**(March, 2022)**

***Time : 3 Hours]*** ***[Maximum Marks : 100***

**ہدایات :-**
(i) یہ پرچہ کل پانچ حصّوں پر مشتمل ہے۔
(ii) بائیں جانب سوالات کے مارکس درج ہیں۔
(iii) تمام حصّے لازمی ہیں۔
(iv) نیا حصّہ (Section) نئے صفحہ سے شروع کریں۔

## SECTION - A

■ **مندرجہ ذیل دئے گئے سوالوں کے جواب متبادلات میں سے صحیح تلاش کر کے لکھئے۔** [3]

(1) ذہن کو تیز کرنے کے لیے کس چیز کو کیمیا سمجھا جاتا ہے؟
(A) شطرنج (B) کرکٹ
(C) ہاکی (D) فٹ بال

(2) غدر کی سیدانی۔ ذکیہ بیابانی سبق کس نے لکھا ہے؟
(A) اقبال احمد سہیل (B) خواجہ حسن نظامی
(C) سرسید احمد خاں (D) علامہ اقبال

(3) انسان کی خوشی اور حق کیا ہے؟
(A) دوسروں کو نقصان پہنچا کر حاصل کرنا۔
(B) اپنی خوشی پر چلنا جہاں تک دوسروں کو ضرر نہ پہنچے۔
(C) کسی کی چیز پر ناجائز قبضہ کر لینا۔
(D) ہر ایک سے حق طلب کرنا۔

■ **ذیل میں دیے گئے سوالوں کے جواب لکھئے، ایک جملے میں۔** [3]

(4) کس جگہ کی فوج باغی ہوکر دہلی آ گئی ؟

(5) شطرنج کی بازی سبق کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(6) ''بیٹی'' سبق ادب کی کون سی صنف سے ہے؟

■ **ذیل کے سوالوں کے جواب لکھئے، مختصراً۔** [4]

(7) ابوریحان بیرونی کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

(8) ابوریحان بیرونی نے مختلف علوم وفنون پر کتنی کتابیں لکھیں؟

(9) نفیسہ خط لے کر کس کے پاس گئی ؟

(10) اللہ دلوائے گا سو دیوے گا۔ اللہ کا پیارا کوئی دیوے گا

مذکورہ بالا شعر کون گا رہا تھا ؟

■ **مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی تین کے جوابات تین چار جملوں میں لکھئے۔** [6]

(11) ٹیوٹوریل سسٹم کے ذریعے کس طرح تعلیم دی جاتی ہے؟

(12) لکھنؤ شہر کی صبح وشام دیکھ کر مصنف کیا بھول جاتے ہیں؟

(13) درگا سنگھ نے میاں کے نمک کو کیسے حلال کیا ؟

(14) لڑکی اپنی ماں کا کس طرح حوصلہ بڑھاتی ہے؟

■ **ذیل میں دیے گئے سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب تفصیل سے لکھئے۔** [4]

(15) زاہد علی اور ساجد کے درمیان جو مکالمے ہوئے اس کا خلاصہ لکھئے۔

**یا**

ابوریحان بیرونی کے علمی کارناموں کا ذکر کیجئے۔

## SECTION - B

■ مندرجہ ذیل میں دیئے گئے سوالوں کے جواب متبادلات میں سے صحیح متبادل چن کر جواب لکھئے۔ [3]

(16) موج کوثر (نعت) کس شاعر کی لکھی ہوئی ہے؟

(A) اقبال احمد خاں سہیل (B) غالبؔ

(C) ڈاکٹر اقبالؔ (D) مرزا رفیع سوداؔ

(17) آنند نرائن ملاّ کی کون سی نظم درسی کتاب میں شامل ہے؟

(A) پھول (B) موج کوثر

(C) بھول (D) سایہ

(18) ڈاکٹر علاّمہ اقبالؔ کا سن وفات کون سی ہے؟

(A) 1930 (B) 1938

(C) 1900 (D) 1911

■ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ [3]

(19) چمن سے پھول توڑ کر لوگ کیا کرتے ہیں؟

(20) مرزا رفیع سوداؔ کہاں پیدا ہوئے؟

(21) قصیدہ کس کی شان میں لکھا گیا ہے؟

■ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھئے۔ [4]

(22) شاعر مومن خاں مومن کو اپنے محبوب سے کیا شکایت ہے؟

(23) آنند نرائن ملاّ کے کوئی دو شعری مجموعے لکھئے؟

(24) دوست کے انتظار میں شاعر کا کیا حال ہوا؟

(25) شاعر نے دنیا کو کیسا کہا ہے؟

■ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب تین چار جملوں میں لکھئے۔ (کوئی تین) [6]

(26) قافلے والوں نے ستاروں کو خضر راہ کیوں سمجھا ہے؟

(27) شاعر نے رہبر کو منافق کیوں کہا ہے؟ سمجھائیے۔

(28) شاعر کے خیال میں جمال الٰہی اور وحی الٰہی کیا ہے؟

(29) شاعر کو کس پر اعتماد تھا؟ اس نے شاعر کے ساتھ کیا کیا؟

■ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک کا جواب تفصیل سے لکھئے۔ [4]

(30) سیتا جی کی گریہ وزاری کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

یا

(31) خس وخاشاک سے کیا مراد ہے؟ اس سے کون سی تعمیر کی گئی ہے؟

## SECTION - C

■ ذیل میں دیئے گئے ہم معنی الفاظ کی صحیح جوڑیاں بنائیے۔ (کوئی چار) [2]

(32) وبال – اخراجات – آفت

(33) طینت – عذاب – بے نیازی

(34) استغناء – کنیز – باندی

(35) مصارف – عادت – طبیعت

(36) ماما – بے پروائی – خرچ

■ ذیل میں دیئے گئے جملوں میں خط کشیدہ الفاظ کی جگہ متضاد الفاظ لکھ کر جملہ دوبارہ ایسے لکھئے کہ جملوں کے معنی میں تبدیلی نہ ہوں۔ [2]

(37) <u>انفرادی</u> طور پر طلباء پر نزدیکی توجہ ممکن ہے۔

(38) دنیا میں ہر کام مشکل ضرور ہے پر نا ممکن نہیں۔

(39) ہمارا مقصد اپنے آبائی فن کو عروج دینا ہے۔

(40) اسے عارضی مرضی نے گھیرا ہے۔

■ ذیل میں دیے گئے مجموعۂ الفاظ کے لیے جامع لفظ لکھیے۔ (کوئی دو) [2]

(41) لشکر کا ابتدائی حصّہ۔

(42) گریہ وزاری کرنا۔

(43) ایک نشہ آور چیز جو تمباکو کی طرح چلم میں بھر کر پیتے ہیں۔

(44) موروں کے پروں کا چنور جس سے مکھیاں اُڑاتے ہیں۔

(45) وہ پوشاک جو بادشاہ کی طرف سے بطور عزّت افزائی کے ملے۔

■ ذیل میں دیے گئے غیر معیاری الفاظ کو معیاری الفاظ میں لکھیے۔ [1]

(46) کوں

(47) تِنک

■ ذیل میں دیے گئے الفاظ کا املا درست کر کے لکھیے۔ (کوئی دو) [1]

(48) آدات

(49) باتل

(50) انتجام

■ مندرجہ ذیل دیے گئے جملوں میں قوسین کی ہدایت کے مطابق جواب لکھیے۔ (کوئی تین) [3]

(51) ابوریحان بیرونی علم وفن کا ماہر تھا۔

(خط کشیدہ الفاظ کی جمع لکھیے)

(52) قحط زدہ لوگوں کی امداد کی گئی مگر وہ بے سود ہے۔

(جملے میں سے سابقہ اور لاحقہ تلاش کر کے لکھیے)

(53) میرے تو وہم وگمان میں بھی نہ تھا کہ آپ میرے ساتھ ایسا کریں گے۔

(حرف عطف تلاش کر کے لکھیے)

(54) میں نے دو روٹی کھایا تو نے کتنی روٹی کھایا؟

(جملہ درست کر کے دوبارہ لکھیے)

■ ذیل میں دیے گئے محاوروں کے معنی بتا کر جملوں میں استعمال کیجیے۔ (کوئی دو) [2]

(55) چھومنتر ہونا۔

(56) دم لبوں پر ہونا۔

(57) چہرہ فق ہونا۔

■ الفاظ ذیل میں واحد کی جمع اور جمع کا واحد لکھیے۔ (کوئی دو) [1]

(58) قوم

(59) افواج

(60) رسوم

■ ذیل میں دیے گئے الفاظ کی اسم کیفیت لکھیے۔ (کوئی دو) [1]

(61) انسان

(62) دیوانہ

(63) قوم .

■ ذیل میں دی گئی عبارت میں مناسب رموزِ اوقاف لگا کر دوبارہ لکھیے۔ [1]

(64) چاند سورج ستارے یہ سب اسٹیج ڈراموں اور کلچرل پروگرام ہی میں تو کام آتے ہیں

میں ظلِ سبحانی کا حکم ہے کہ آج جب تک وہ تیار نہ ہو جائیں سورج نہ نکلے۔ اوئی اللہ

■ ذیل میں دیے گئے شعر میں کون سی صنعت کا استعمال ہوا ہے پہچانیے۔ (کوئی ایک) [1]

(65) جس کی ہراول فوجِ سلیمانؑ جس کے منادی موسیٰؑ و عمرانؑ

جس کے مبشر عیسیٰؑ، مریمؑ صلی اللہ علیہ وسلم

(66) ہستی اپنے حباب کی سی ہے

یہ نمائش سراب کی سی ہے

■ ذیل میں دیے گئے شعر میں کون سی تجنیس استعمال ہوئی ہے۔ [1]

(67) جان دی، دی ہوئی اسی کی تھی

حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

■ ذیل میں دیے گئے سابقہ اور لاحقہ کی مدد سے دو الفاظ بنائیے۔ (کوئی دو) [1]

(68) ان، مال، دار، بے

■ ذیل میں دیے گئے مرکب الفاظ کی فہمائش کیجیے۔ (کوئی ایک) [1]

(69) دلربا

(70) خوب صورت

(71) امیرزادہ

## SECTION - D

■ ذیل دی گئی نظم پڑھ کر دئے گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔ [5]

او دیس سے آنے والے بتا — کس حال میں ہیں یارانِ وطن

آوارۂ غربت کو بھی سُنا — کس رنگ میں ہیں کنعانِ وطن

وہ باغ وطن، فردوس وطن — وہ سرد وطن، ریحانِ وطن

کیا اب بھی شفق کے سایوں میں — دن رات کے دامن ملتے ہیں

کیا اب بھی چمن میں ویسے ہی — خوش رنگ شگوفے کھلتے ہیں

سوالات :

(72) شاعر دیس سے آنے والے سے کیا پوچھتا ہے؟

(73) آوارۂ غربت، کس کو کہا ہے؟

(74) دیس سے آنے والے سے کیا سننا چاہتا ہے؟

(75) تیسرے شعر میں شاعر نے وطن کو کیا کیا کہا ہے؟

(76) کس کے سایہ میں دن رات کے دامن ملتے ہیں؟

■ ذیل میں دی گئی عبارت کو پڑھ کر اس کے نیچے دئے گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔ [5]

سادہ زبان لکھنا آسان نہیں۔ سادہ زبان لکھنے کے یہ معنی نہیں کہ آسان لفظ جمع کر دئے جائیں۔ ایسی تحریر سپاٹ اور بے مزہ ہوگی۔ سلاست کے ساتھ لطفِ بیان اور اثر بھی ہونا چاہیے۔ یہ صرف باکمال ادیب کا کام ہے۔ یہ اسی وقت ممکن ہے کہ زبان پر پوری قدرت ہو اور اسی کے ساتھ موضوع تحریر بھی کافی وسیع ہو، اس لئے کسی فن یا علم کی ابتداء یا آسان کتابیں ایسا ہی شخص لکھ سکتا ہے جسے اپنے فن یا علم پر کامل عبور ہے۔ وہ اپنے خیالات کو سادہ الفاظ میں عام فہم مثالیں دے کر ادا کرتا

ہے کہ مضمون قابلِ فہم اور دل کش ہو جاتا ہے۔ جن کا علم ادھورا ہوتا ہے وہ کبھی اپنے خیالات صفائی اور خوبی سے ادا نہیں کر سکتا۔ تحریر یا تقریر کا مقصد ہوتا ہے کہ لوگ اسے سمجھیں۔ اس کے اثر کو قبول کریں اور لطف اٹھائیں۔ سرسید احمد خان کی تحریر اس لئے مقبول ہوئیں کہ وہ سادہ، پُر اثر اور پُر خلوص تھیں۔ معمولی پڑھے لکھے کی سمجھ میں بھی آتی اور اس کے دل میں گھر کرتی ہے۔ ان کے دل میں قوم کا درد تھا اور اس نے ان تحریروں میں سادگی، اثر اور خلوص پیدا کر دیا تھا۔

سوالات :

(77) باکمال ادیب کا کام کیا ہے؟

(78) آسان کتابیں کیسا شخص لکھ سکتا ہے؟

(79) کون اپنے خیالات کو خوبی سے ادا نہیں کر سکتا؟

(80) تحریر اور تقریر کب با مقصد ہوتی ہے؟

(81) سرسید احمد خان کی تحریر کس وجہ سے مقبول تھی؟

(82) **ذیل میں دیئے گئے اقتباس کا 1/3 (ایک تہائی) اختصار کیجئے اور عنوان دیجئے۔** [5]

عمل زندگی میں کامیابی کے لئے اوّلین شرط ہے۔ کامیابی انہیں کے قدم چومتی ہے جو عمل پر یقین رکھتے ہیں۔ ایسی ہزاروں مثالیں دی جاسکتی ہیں جنھوں نے اندیشوں کی پرواہ کئے بغیر اپنے منصوبوں پر عمل کرنا شروع کیا اور کامیابی حاصل کی ہے۔ کہتے ہیں ''جہاں چاہ وہاں راہ'' ایسے اولوالعزم لوگوں سے تاریخ کے صفحات بھرے پڑے ہیں۔ مثلاً نپولین بوناپارٹ، واسکوڈی گاما، سکندر اعظم اور نیل آرم سٹرانگ، گاندھی جی وغیرہ نے اپنے عزم و عمل سے بڑی اہم فتح کی ہے۔ مسلسل عمل، جدوجہد اور کاوشوں کے ذریعے سائنس دانوں نے قدرت کے سینکڑوں راز دریافت کئے۔ زندگی جدوجہد محنت اور مشقت، جہد مسلسل اور عمل پیہم کا نام ہے۔

■ ذیل میں دیۓ گئے نکات کو پڑھ کر کہانی مکمل کریں۔ [5]

(83) ایک بیوپاری.........گدھے پر نمک لاد کر بازار لے جانا.......... راستے میں ندی کا پڑنا

...............گدھے کا اچانک ندی میں گرنا............. بوجھ کا ہلکا ہوجانا................

دوسرے دن زیادہ نمک لادنا...............گدھے کا جان بوجھ کر ندی میں گرنا..........

تیسرے دن گدھے پر کپاس لادنا...............گدھے کا اپنی حرکت دہرانا...............

نتیجہ...........

## SECTION - E

(84) آج کل کورونا وبا پھیلی ہوئی جس کی وجہ آپ ایک ہفتہ اسکول نہیں جاسکو گے اس کی اطلاع دیتے ہوئے اپنے کلاس ٹیچر کو درخواست لکھئے۔ [5]

(85) آپ کے اسکول میں منائے گئے تعلیم کی اہمیت کے تحت تعلیم کی اہمیت پروگرام کا احوال 100 لفظوں پر مشتمل لکھئے۔ [5]

■ ذیل میں دیۓ گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر 250 الفاظ پر مشتمل نکات کی مدد سے مضمون لکھئے۔ [10]

(86) بیٹی کی قدر :-

بیٹی خدا کی نعمت...............خوش نصیب باپ جس کے یہاں زیادہ بیٹیاں ہوں...............

ماں باپ کی فرمابردار بیٹی.............. آج کل معاشرے میں بیٹیوں کے ساتھ ہونے والی

زیادتیاں............... بیٹی اور بیٹا یکساں...............بیٹیوں سے نفرت کرنے والے

............... بیدار ہونے کی ضرورت...............

(87) میرا یادگار سفر:-

سفر کی اہمیت ............... کسی تاریخی مقام کی سیر ............... راستے میں الجھنیں ............... اپنی منزل پر پہنچ کر ساری تکلیفیں دور ............... ایک ہفتے کا پروگرام ............... واپسی کی تیاری ............... ساری زندگی یاد رہے گا یہ سفر ...............

(88) وقت کی قدر:-

وقت ایک نعمت ہے ............... وقت کی قدر کرنے والے کامیاب ............... ناقدری کرنے والے نامراد ............... وقت کسی کا انتظار نہیں کرتا ............... وقت مال و دولت سے بھی زیادہ قیمتی ............... وقت کی قدر نہ کرنے والے طلباء ............... وقت کی پابندی ............... بقول حسن کسی کو بھاتا نہیں ............... گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں۔

◆◆◆